Envoys of Thailand, Romania, Kazakhstan and Turkey present credentials to the President of India

July 07, 2021

تھائی لینڈ، رومانیہ، قازقستان اور ترکی کے سفیروں نے ہندوستان کے صدر کو سفارتی اسناد پیش کیں

07 جولائی، 2021

ہندوستان کے صدر جناب رام ناتھ کووند نے آج (7 جولائی، 2021) کو ایک ورچوئل تقریب میں تھائی لینڈ، رومانیہ، جمہوریہ قازقستان اور جمہوریہ ترکی کے سفیروں کی سفارتی اسناد قبول کیں۔ جن لوگوں نے اپنی اسناد پیش کیں وہ یہ ہیں:

1۔ مملکت تھائی لینڈ کی سفیر محترمہ پٹاراٹ ہونگٹونگ

2۔ رومانیہ کی سفیر محترمہ ڈینیلا ماریانا سیزونوف ٹین

3۔ جمہوریہ قازقستان کے سفیر عالی جناب نورلان زالگاس بائیف

4۔ جمہوریہ ترکی کے سفیر جناب فرات سونیل

اس موقع پر صدر مملکت نے تھائی لینڈ، رومانیہ، قازقستان اور ترکی کے سفیروں سے ان کی تقرری پر نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کے ان تمام ممالک کے ساتھ تعلقات گرمجوش اور دوستانہ رہے ہیں اور یہ کہ ہمارے تعلقات امن اور خوشحالی کے مشترکہ وژن سے سرشار رہے ہیں۔

صدر کووند نے کہا کہ ہندوستان ہماری مشترکہ صحت اور معاشی بہبود کو یقینی بنانے کے لئے کووڈ- 19 وبائی مرض کا فیصلہ کن اور مربوط جواب دینے کی عالمی کوششوں میں سرفہرست رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 'فارمیسی آف دی ورلڈ' کی حیثیت سے ہندوستان نے کووڈ-19 کے خلاف عالمی جنگ میں متعدد ممالک کو ضروری ادویات اور سامان کی فراہمی میں مدد فراہم کی ہے۔

تھائی لینڈ، رومانیہ، قازقستان اور ترکی کے سفیروں نے اپنی قائدین کی طرف سے نیک خواہشات کا اظہار کیا، اور ہندوستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

نئی دہلی

07 جولائی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.